دیکھ رہا تھا
اور
دیکھ رہا ہے!

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۶۳

یہ سب صدائیں فضا میں گونج رہی ہیں۔ فلک نے جو بھی تیور بدلے، اِن صداؤں ہی کی بدولت بدلے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۶۴

دُنیا دیکھتی رہی
تُو کرتا رہا!

یَاحَیُّ یَاقَیُّوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۶۵

میری یاد میں تُو
میری پُکار میں تُو
میری فریاد میں تُو

اور

تو ہی میرا ملجا و ماویٰ ہے

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْقَیُّوْمِ
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۰۹۶۶

اِس فنا کو بقا میں تبدیل کرنے والے

سُبْحَانَ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ

*

آنکھیں کھول کر دیکھ!

یہ فنا ہے، یہ بقا!

بقا ——— ازل و ابد کی داستان

*

یہی تیرا حق تھا ——— ادا کیا

*

روح کی قوّت ——— ذِکر

دلاسہ ——— عنایتِ الٰہی

سُبْحَانَ رَبِّیَ ذِی الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

*

فنا ——— سیّئات

بقا ——— محوالسّیئات

منزّل البرکات

رافع الدّرجات

جُوں جُوں تام ہوتی جائے گی ،

اَسرار کُھلتے جائیں گے ۔

اور یہ سب ذِکرُ الٰہی ہی

کے اَنوارات و بَرکات ہیں ۔

بتانا میرا کام تھا

کرنا ——— تیرا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم

فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۹۶۷

بقاء کی قسم خشک نہیں ہوتی،
آخر دم تک مصروف رہتی ہے

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۹۶۸

قلم ہی تو ہے جس نے سوتے کو جگایا
اور رُوٹھے کو منایا۔ یاحیّ یاقیوم

قلم کی شان میں تو ایک سُورۃ اُتری!

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۶۹

تیری ناز بھری اداؤں اور قباؤں کا شکریہ!

من کو لے دے گئیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۷۰

اوصافِ حمیدہ کا بہترین وصف ــــ درگزر

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۰۹۷۱

ہر روز کا رزق ملتے ہی تقسیم کرنا ضمیر کی وہ
فطرت ہے جو کبھی نہیں بدلتی، ہر حال میں
فارغ البال رہتی ہے لود
یہی ــــ باقیاتُ الصّالحات! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۰۹۷۲

آیئے ، کھانا کھایئے !

ہم محتاط کھانا کھاتے ہیں، ہر کھانا نہیں،

شکریہ ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۷۳

وساوس ——— فنا پذیر

فکر مِنَ اللہ ——— باقیاتُ الصّالحات

(افکارِ قُدسیہ)

گزرگاہِ عام میں سُرتی طاری رکھنا ،

کٹھن منزل ہے اور کٹھن ہی مٹھن ہوتی ہے !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۷۴

تیرا ہر کلام
تیری صفات کا مظہر!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر دن اور رات میں (دوزخیوں کو) آگ سے آزاد کرتے ہیں اور ہر مسلم کے لیے ہر دن اور رات میں ایک دُعا قبول ہوتی ہے۔ اسے طبرانی نے اوسط میں روایت کیا ہے۔

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد / کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۹)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی دِیْنِیْ بِالدُّنْیَا

اے اللہ میری مدد کر میرے دین پر دُنیا کے ساتھ

وَعَلٰی اٰخِرَتِیْ بِالتَّقْوٰی وَاحْفَظْنِیْ

اور میری آخرت پر تقویٰ کے ساتھ اور تو ہی محافظ رہ

فِیْمَا غِبْتُ عَنْہُ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ

میری ان چیزوں کا جو میری آنکھ سے اوجھل ہیں اور نہ حوالے کر مجھے میرے

فِیْمَا حَضَرْتُہٗ یَا مَنْ لَّا تَضُرُّہُ الذُّنُوْبُ

نفس کے ان چیزوں کے بارے میں جو میرے پیشِ نظر ہوں اے وہ ذات کہ نہیں

وَلَا تَنْقُصُہُ الْمَغْفِرَۃُ ھَبْ لِیْ مَا لَا

نقصان پہنچاتے اُسے (بندوں کے) گناہ اور نہیں کمی کرتی اس کے یہاں مغفرت عطا فرما

یَنْقُصُکَ وَاغْفِرْ لِیْ

مجھے وہ چیز جو کمی نہیں کرتی تیرے یہاں (یعنی مغفرت) اور معاف کر دے مجھے

مَالَا يَضُرُّكَ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

وہ جو نہیں نقصان پہنچاتی تجھے (یعنی گناہ) کیونکہ بلاشبہ تو ہی عطا فرمانے والا ہے

اَسْئَلُكَ فَرَجًا قَرِيْبًا وَّ

میں مانگتا ہوں تجھ سے فوری کشائش اور

صَبْرًا جَمِيْلًا وَّ رِزْقًا وَّاسِعًا

صبرِ جمیل اور فراخ رزق

وَّالْعَافِيَةَ مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَاءِ

اور جملہ بلاؤں سے امن

وَاَسْئَلُكَ تَمَامَ الْعَافِيَةِ

اور مانگتا ہوں تجھ سے پورا امن

وَاَسْئَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ

اور مانگتا ہوں تجھ سے بقا امن کی

وَاَسْئَلُكَ الشُّكْرَ

اور مانگتا ہوں تجھ سے شکر

عَلَى الْعَافِيَةِ وَاَسْئَلُكَ

امن پر اور مانگتا ہوں

الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ ط

تجھ سے بے نیازی لوگوں سے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اور نہیں پھرنا گناہوں سے اور نہ قوّت عبادت کی مگر

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط

ساتھ اللہ بزرگ و برتر (کی توفیق) کے

يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ ٥

اے میرے ربّ! اے میرے ربّ! اے میرے ربّ!

(الحزب الاعظم / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۵۳-۱۵۴)

۱۰۹۷۵

مومن بَن بھی ——————

صفات سے مُتّصف نہ ہو تو کہنا !

سارا قرآن ایمان ہی کی شان میں اُترا !

بلیٰ بلیٰ بلیٰ

ایمان نے جب بھی پُکارا — موجود پایا !

ایسا ایمان پیدا کر !

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۷۶

ایمان کے ہمراہ ایک وعدہ ہوتا ہے جو
کبھی خلاف نہیں ہوتا۔ وعدہ ہی کے بل بوتے
پہ تو اِترایا کرتا ہے !

جب سے کردار رُخصت ہُوا ،
کوئی بتائے کہ کیا ہوا ؟

کِردار ، ہی تو تیری متاع تھی جو گم کردی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۷

زندوں کا زندوں سے فیض نہ پانا
ایک ایسا معمّہ ہے جو کسی پہ بھی افشا نہ ہُوا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۷۸

جُوں جُوں اِس سے دُور ہوتے جاؤ گے،
اُس کے قریب ہوتے جاؤ گے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۷۹

یہ وہ سیدھا راہ ہے
جس کا راہی کبھی گمراہ نہیں ہوتا۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۸۵

پُرانے زمانے کی سی حرفی ہے، فوج میں سُنی تھی،
لکھنے والے کا نام یاد نہیں !

اَدّھی راتیں گیا مسیتی
کرکے وضو، تہجّد نیتی
دِل وِچّوں نہ گئی پلیتی
تھمّی وانگوں رہیا کھلو
لینا اِک نہ دینے دو

کی ہویا جے کٹیا چلّہ
وچ بھورے دے وڑ گیا بلّا
جدوں نِکلیا، پلّے دا پلّا
چھڈی اپنی اِک نہ خو
لینا اِک نہ دینے دو

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضلِ العظیم

۱۰۹۸۱

جس معیار کی نفی،
اُسی معیار کا اثبات!

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۸۲

اَنسب معمول فقیرانہ ہوتا ہے اور دلبرانہ،
کبھی باطل نہیں ہوتا اِنشاءِ اللہ تعالیٰ العزیز!
وَمَا تَوْفِیقِی اِلَّا بِاللهِ یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۸۳

مُستند عمل چُنا ہوا ہوتا ہے،
ہر عمل پہ چھا جاتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۸۴

مُنفرد وہ ہے جس کی برابری نہ ہو سکے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۰۹۸۵

اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ فرمان تبلیغ کی ابتدا ہے اور یہی انتہا ہے

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝

کَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰہِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝

(الصف آیت ۲، ۳)

(اے ایمان والو! ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں؟

اللہ کے نزدیک یہ بات بہت ناراضی کی ہے کہ تم ایسی بات کہو جو کرو نہیں)

ایک نکتہ یہ بات مُکا دی!

کوئی گنجائش باقی نہ رہی!

یہ سُنکر ہم نے تو گھٹنے ٹیک دیے! یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۰۹۸۶

رہنمائے مُبلّغین

تیرے پاس کھانے کی ہر شے موجود ہے، پکاتے کیوں نہیں اور کھاتے کیوں نہیں ؟ پکا پکایا تجھے کون کھلائے ؟
بھوک سے مرے جا رہے ہو، جمائیاں لے رہے ہو لیکن کھانے کا نام تک نہیں لیتے !
کھائے بنا کیوں کر بھوک مٹے ؟

یہ لذیذ ترین مائدہ ہے، اسے کھا کر ہی پیٹ بھرنا ہے !
جس نے بھی کھایا، سیر ہوا
کھا کر تو دیکھ ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۸۷

وہ تھے تیرے شُکر گزار اور پُر اسرار بندے!
نہ مار پیٹ کی پروا کی نہ لوٹ کھسوٹ کی،
حمد ہی پہ اکتفا کیا، ماشاء اللہ!
ہر شے لے بھی گئے اور منا بھی!
اب ڈھونڈے نہیں ملتے۔ کہاں چھپ گئے؟

تُو بھی تو میرا بنایا ہُوا اِنسان ہے،
ویسی صفات اپنے اندر پیدا کر!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۸۸

THIS IS AN INTIMATE

STUDY OF MANKIND.

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّه خیر الرّازقین
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۸۹

HOLY REMEMBRANCE IS

THE RICHEST REWARD.

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّه خیر الرّازقین
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا

اے اللہ تیرے ہی لیے حمد ہے ایسی حمد جو

دَآئِمًا مَّعَ خُلُوْدِکَ ط

ہمیشہ رہے تیری ہمیشگی کے ساتھ۔

وَلَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا

اور تیرے ہی لیے حمد ہے ایسی حمد کہ نہ

مُنْتَھٰی لَہٗ دُوْنَ عِلْمِکَ ط

ہو اسکی انتہا تیرے علم سے ورے۔

وَلَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا یُرِیْدُ

اور تیرے ہی لیے حمد ہے ایسی حمد کہ نہ قصد کرتا

قَآئِلُہٗٓ اِلَّا رِضَاکَ ط وَالْحَمْدُ

ہو کہنے والا اس کا مگر تیری خوشنودی کا۔ اور تیرے ہی لیے

حَمْدًا مَّلِیًّا عِنْدَ کُلِّ طَرْفَةِ

حمد ہے حمدِ کثیر، ہر پلک جھپکنے کے وقت

عَیْنٍ وَ تَنَفُّسِ نَفْسٍ ۝

اور ہر سانس لیتے وقت (تیری ہی حمد ہے۔)

حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے کہا جب آپکو پسند ہو کہ رات اور دن کی عبادت کا حق ادا کریں تو یوں کہیے اللّٰھم لک الحمد...الخ

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ۔ ج ۴ صفحہ ۱۰۳)

جب کسی رات کو اللہ کی عبادت میں گزارنا چاہیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ لَکَ الۡحَمۡدُ حَمۡدًا

اے اللہ! تیرے ہی لیے ہیں تمام تعریفیں۔ ایسی تعریفیں

خَالِدًا مَّعَ خُلُوۡدِکَ

جو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ہیں ساتھ تیری ہمیشگی کے۔

وَلَکَ الۡحَمۡدُ دَآئِمًا

اور تیرے ہی لیے ہیں تمام تعریفیں ہمیشہ رہنے والی،

لَّا مُنۡتَھٰی لَہٗ دُوۡنَ

جن کی کوئی انتہا نہیں سوائے تیری

مَشِیَّتِکَ وَعِنۡدَ کُلِّ

مشیت کے۔ اور ہر آنکھ جھپکنے کے

طَرۡفَۃِ عَیۡنٍ وَّ

وقت اور

تَنَفُّسِ نَفَسٍ ۝

ہر سانس لیتے وقت (تیری ہی تعریف ہے)

حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت جبریل علیہ السلام نازل ہوئے اور عرض کیا : یا محمدؐ صلے اللہ علیہ وسلم ! اگر آپ پسند کریں کہ آپ اللہ کی عبادت کریں کسی رات کو جیسا کہ عبادت کرنے کا حق ہے تو کہیئے :

اللّٰھم لك الحمد ..... الخ

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۱۰۲)

۱۰۹۹۰

ہر شے کو ہر شے میں، جیسے چاہے، تبدیل کرے۔

جیسے نار کو نور۔

وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ط

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۹۹۱

اگر کسی نے کوئی عمدہ کردار پیش کرنے کی
سعادت حاصل کی گویا اپنے ہی نفس کی
عزّت و احترام کا موجب ہوا، مَاشَاءَاللّٰہ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۹۹۲

تین چیزیں اللہ کو بے حد پسند ہیں

و۔ اللہ کا ذکر

و۔ اللہ کے دینِ اسلام کی دعوت و تبلیغ

و۔ اللہ کی عام مخلوق کی بے لوث خدمت

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۹۳

جہاں بھی رہا، ہادی ساتھ رہا۔
ہادی نے ہدایت کی حد مُکادی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۹۴

اکیلا ـــــ وساوس کا شکار،
مِل جائے تو باتوں کا۔
دونوں ارذل العمر!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۹۹۵

کرم کی بارگاہ میں غیبت و بُہتان پیش ہوئے
"جُوں جُوں تیری غیبت اور بُہتان
جاری رہیں گے، تُوں تُوں
تیرے مراتب بلند ہوتے رہیں گے"

سچ پوچھو تو غیبت و بہتان کے باعث ایسی
عنایات ہوئیں جن کا امکان تک نہ تھا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۰۹۹۶

كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ
اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ
مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ
الْعٰلَمِيْنَ ۝ (الحشر آیت ۱۶)

ترجمہ: شیطان کی سی مثال ہے کہ (اوّل تو) انسان سے
کہتا ہے کہ تُو کافر ہو جا، پھر جب وہ کافر ہو جاتا ہے
تو (اس وقت صاف) کہہ دیتا ہے کہ میرا تجھ سے

کوئی واسطہ نہیں، میں تو اللہ ربّ العالمین سے ڈرتا ہوں۔

ف : میں تو اللہ سے ہر وقت ڈرتا ہوں، تم کیوں نہ ڈرے ؟ یاحیُّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۰۹۹۷

تیرا حساب سدا بیباق رہے اور افتخارانہ۔ دمڑی تک باقی نہ رہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۰۹۹۸

دین میں شہادت کی کئی اقسام ہیں۔ بہترین شہادت ـــــ فی سبیلک، ماشاءاللہ!

یاحیُّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۰۹۹

ایک پڑھنے میں مصروف ہے، ایک
دیکھنے میں۔ دونوں اسے لے!

*

اور پڑھنے ہی کی بدولت دیکھنا نصیب ہُوا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۰

مرکر جینے والا پھر کبھی دُنیا کی
طرف راغب نہیں ہوتا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اَللّٰھُمَّ اِنْ تَغْفِرْ تَغْفِرْ جَمًّا

اے اللہ اگر آپ بخشیں تو آپ بہت بخشش فرماتے ہیں

وَّاَیُّ عَبْدٍ لَّکَ لَآ اَلَمًّا ؟

اور آپ کا کون سا بندہ گنہ گار نہیں ہے !

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے ان لوگوں کے بارے میں روایت ہے جو گناہِ کبیرہ اور بے حیائیوں سے بچتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ (بارگاہِ نبویؐ میں) ایک فاحش آدمی آیا پھر اُس نے گناہ سے توبہ کرلی، وہ کہتے ہیں (اِس پر) جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَللّٰھُمَّ اِنْ تَغْفِرْ ..... الخ

(المستدرک للحاکم / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۶۸)

۱۱۰۰۱

عربی لُغت میں قتُودا "تنگ دل" کو
کہتے ہیں، اسی باعث عرفِ عام میں
قتُودا کہلایا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۰۲

علم پہ عمل کر۔ "اگر مگر" مت کر۔
مطلُوبہ کا طلب گار بن۔

*

"علم پہ عمل" ترستا ہے:
کوئی جوان میدان میں آئے اور اکھاڑا جمائے!
عمل ہی علم کی جان ہے۔ میری بھی مُراد پوری کر!

*

سُبْحَانَ ذِی الْفَضْلِ وَ النِّعَمِ ط

سُبْحَانَ ذِی الْمَجْدِ وَ الْکَرَمِ ط

سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ط

فضل و کرم کا دان دے !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۰۰۳

"میدان سے بھاگا نہیں کرتے،
واپس لوٹنے کی اُمیدیں توڑ کر آتے ہیں"
"کبھی کسی کو میدان میں ڈٹتے بھی دیکھا ؟
سُنی سُنائی سُنا رہے ہو۔ اکھاڑا جمتے ہی

اُٹھ جاتے ہیں۔ یہی بیچاروں کی داستانیں
ہیں۔ نکلا ——— ذرا سی تاب لاتے
بھاگ گیا " یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۴

ہمارا منشور یک حرفی
اَخَذْتَ
ہے۔ ہم نے اسے مضبوطی سے پکڑ لیا اور
مان لیا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ؕ
تُو نے پکڑ رکھا ہے اُس کی
پیشانی کو !

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ جلد ۲ صـ۶۸)

اِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ ؕ
کیونکہ تیرا حکم سب پہ چلتا ہے
اور تجھ پہ کسی کا حکم نہیں چلتا

(سنن ابو داؤد - جامع ترمذی
کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ صـ۹۵۸)

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ
لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُـوَ
فَاتَّخِـذْهُ
وَكِيْلًا ۝ (المزمل: ۹)

اَلَّا تَتَّخِـذُوْا مِنْ دُوْنِيْ
وَكِيْـلًا ۝ (بنی اسرائیل: ۲)

اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِـمْ سُلْطٰنٌ ط
وَكَفٰى بِرَبِّكَ
وَكِيْـلًا ۝ (بنی اسرائیل: ۶۵)

۱۱۰۵

جیسے لکھا ہُوا ہے ، ہو رہا ہے ،
کوئی نئی بات نہیں ۔

وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۰۶

ماضی میں تو سبھی کچھ تھے ،
حال کا اِیمان قبول فرما ۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۰۷

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت

ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مرد کا خاموش رہنا (اور خاموشی پہ ثابت قدم رہنا) ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے۔ (بیہقی / مشکوٰۃ ص ۴۱۴)

و۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خاموشی میں کئی حکمتیں ہیں لیکن خاموشی اختیار کرنے والے تھوڑے ہیں

(الفردوس / کنز العمال ج ۱ ص ۲۲۹)

و۔ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ سے مرسلاً روایت ہے کہ فرمایا حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ عبادت میں سب سے پہلی چیز خاموشی اختیار کرنا ہے۔

(کنز العمال ج ۱ ص ۲۲۹)

و۔ حضرت وہبؒ فرماتے ہیں کہ داناؤں نے اس پر اتفاق کیا ہے کہ دانائی کی اصل (یعنی جڑ) خاموشی ہے۔

(فیض القدیر ج ۴ ص ۲۴۱)

و۔ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عافیت کے دس حصّے ہیں۔ نو حصّے تو صرف خاموشی میں ہیں اور دسواں حصّہ تنہائی میں ہے۔

(کنز العمال ج ۱ ص ۲۲۹)

و۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عبادت دس حصّوں میں منقسم ہے (جس میں سے) نو حصّے تو صرف خاموشی ہی میں ہیں اور دسواں حصّہ ہاتھ سے حلال کی روزی کمانا ہے۔

(کنز العمال ج ۱ ص ۲۳۰)

اعمال کے ترازو میں خاموشی بازی لے گئی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۱۰۰۸

"خلق نے میرے گھر کو دیکھا،
میں نے اپنے خالق کے۔
خلق نے اعتراض کیا،
میں نے خالق کا شکر"
مخلوق، خالق کی عارف نہیں ہو سکتی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ	اے اللہ میں کمزور ہوں
فَقَوِّنِیْ فِیْ رِضَاکَ	قوّت عطا فرما اپنی رضا کے
ضُعْفِیْ	حصول کی خاطر، میری کمزوری کو
وَ خُذْلِی الْخَیْرَ	اور پکڑ کر لے جا بھلائی کی طرف
بِنَاصِیَتِیْ	مجھے میری چوٹی سے
وَ اجْعَلِ الْاِسْلَامَ	اور بنا دے اِسلام کو
مُنْتَھٰی رِضَائِیْ ط	میری پسند کی اِنتہا
اَللّٰھُمَّ	اے اللہ !
اِنِّیْ ضَعِیْفٌ	میں کمزور ہوں
فَقَوِّنِیْ	پس مجھے قوّت عطا فرما
وَاِنِّیْ ذَلِیْلٌ	اور میں ذِلّت میں ہوں
فَاَعِزَّنِیْ	پس مجھے عزّت دے

وَاِنِّیْ فَقِیْرٌ — اور میں محتاج ہوں

فَارْزُقْنِیْ ۝ — پس مجھے رزق عطا فرما۔

حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا کہ ان کلمات کے ساتھ دعا مانگا کرو۔

اللّٰھُمَّ اِنِّیْ ..... الخ

(المستدرک للحاکم / کتاب العلم بالسنۃ ج ۱ ص ۸۲)

۱۱۰۹

جس نے بھی طریقت کے اِس قانون کو قائم رکھا،
فائز المرام رہا اور اِسے قائم رکھنا
بازیچۂ اطفال نہیں !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۰

لودھیانہ کے بُوٹ ہاؤس میں ایک ۶ فٹ
لمبا بُوٹ رکھا ہُوا تھا جِس پر لکھا ہوا تھا :
جسے پیچ آجائے، مُفت پہن لے !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۱۱

بات بات پہ بپھرنے والو !
اِترا اِترا کر چلنے والو !
قبر کی وحشت یاد نہیں تو کیا یاد ہے ؟
ابے ، اَب ذرا اُٹھ کر تو دِکھا !
پسلی پہ پسلی چڑھی ہوئی ہے
تیرا نازک بدن
مکھیّوں کے چمڑے کی چادر بنی ہوئی ہے

اللہ اللہ

استغفراللہ یاحیّ یاقیوم

تیری مَدھ بھری آنکھیں
کیڑوں کی گزرگاہ بنی ہوئی ہیں !

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۰۱۲

رُوح

بُت کو دیکھ کر :

میرے دِلبر، تیرے ساتھ کیا ہوگیا،
مجُھ سے دیکھا نہیں جاتا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۱۳

تم دیکھتے نہیں،
دیکھ سکتے نہیں
حالاں کہ مَیں
ہر وقت ، ہر حال میں

تیرے ساتھ رہتا ہوں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۰۱

جس کی نذر قبول ہوئی گویا دعا قبول ہوئی

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۰۱۵

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ط

جزا کا دِن بھی تیرا بڑا دِن ہوگا
اور دیکھنے کی چیز ہوگا!
ذرّے ذرّے کا حساب ہونا ہوگا
ساری دُنیا کانپتی ہوگی
پانی کو ترستی ہوگی
کہیں کوئی سایہ نہ ہوگا
اِس پُلصراط سے گزرنا
بڑا ہی مشکل ہوگا
جو بھی کیا، سامنے آئے گا
کوئی بھی شے پوشیدہ نہ ہوگی
اعضا بول بول کر
شاہد بن کر آئیں گے

خَلق بیچاری دھڑا دھڑ گرتی پڑتی
لڑکھڑاتی ، بلّوں پہ بَل کھاتی ،
نہ معلوم کہاں جاتی ہوگی!
کسی کا بھی کوئی پُرسانِ حال نہ ہوگا!
ہر کوئی زبانِ حال سے
یہ ضرور اِقرار کرتا ہوگا:
"کیا ہم دنیا میں آئے اور
کیا کام کیے !
کیا خوب ہوتا اللہ کے لیے جیتے
اور اللہ ہی کے لیے مرتے!
اور آج کے دن
ندامت کا سامنا نہ ہوتا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۱۶

کسی پُرسانِ حال کا

انتظار ضرور ہوگا۔

جن کے لیے بنائی تھی،

وُہی پُرسانِ حال ہوں گے

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْقَیِّمِ
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۰۱۷

شافعِ محشر صلے اللہ علیہ وسلم دوزخ سے نکال نکال
کر جنّت میں داخل کرتے ہوں گے اور ساقیٔ کوثرؐ
پیاسوں کے لیے کوثر کے دریا بہاتے ہوں گے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۰۱۸

اگر وہ نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا۔ نہ یہ دُنیا ہوتی
نہ اِس کے رنگ و بُو۔ اُنہی کی بدولت تو یہ
کائنات سجائی ہوئی ہے! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۰۱۹

کہیں بھی ہو، حال ، ماضی کا ورود ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۲۰

نہ نسب پہ نہ کسب پہ ،
ارادتِ ازلی کے تحت ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۲۱

تیرا خیال ہی میرے خیال کی رہنمائی کرتا ہے
ماشاءاللہ ، الحمدللہ !

خیال جب خیال سے مُتّحد ہُوا، بُلند ہُوا،
اِنسان کو عرُوج تک پہنچایا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۱۰۲۲

عقلمند بنا کرو۔ صرف ذکر کے لیے،
جب چاہو آیا کرو، بیماروں کی جماعت
بنا کر نہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۱۰۲۳

بے ہوش ــ نقلی اور مدہوش ــ اصلی ہوتا ہے
آخر دَم تک قائم رہتا ہے۔ کسی نے کسی کو مدہوش

دیکھا ہی نہیں، سُنی سنائی سنا رہے ہیں۔
کبھی بے ہوش کہلاتے ہیں، کبھی مدہوش۔
مدہوشی تو اُن کی وُہ عنایت ہے کہ عقل جسے
پا نہیں سکتی۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۲

جب مُطہّر ہُوا، وساوس نے ہتھیار پھینک دیے۔
غیریت دُور ہوئی۔ اور دُوئی دُور
ہو سکتی ہی نہیں اگرچہ کوئی بھی دعویدار ہو۔
مگر صرف اور صرف تیرے ہی فضل اور تیرے
کرم پہ موقوف۔

"اور جب، ہم کریں گے، ہوگی"۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۲۵

تیری رحمت کے اِنتظار میں رہنا
عین عبادت ، ماشاءاللہ !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۲۶

اللہ سے کیا ہوا وَعدہ پورا کر،
اللہ کا وَعدہ کبھی خلاف نہیں ہوتا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۲۷

دِن اور رات کی تبدیلیوں پہ غور کر،
ساعت بہ ساعت بدلتی رہتی ہیں۔
کہیں دن ہے، کہیں رات۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۲۸

عَیش ــــــ شرارت کی مُوجب

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۲۹

فنا کی گٹھلی میں
بقاء کا پودا
اُگتا
اور
پروان چڑھتا ہے

فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى

(سنن ابوداؤد / کتاب العلم بالسنۃ ج ۱ ص ۹۸۲)

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۰۳۰

سُنّتِ مطہّرہ اور حدیثِ مطہّرہ

قرآنِ کریم کی وہ تشریح ہے

جس کے بغیر کوئی

قرآنِ کریم کو مکمل طور پر

سمجھ نہیں سکتا!

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۳۱

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ اٰدَمَ (بنی اسرائیل-۷۰)

اور البتہ تحقیق عزّت دی ہم نے

بنی آدم کو !

ف: اس سے بڑھ کر اور کیا
کمال ہے ؟

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

الحمد للحیّ القیوم
فاطلبه خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۰۳۲

ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ
وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَ
الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ (السجدۃ: ۹)

ترجمہ: پھر اُس کے اعضا دُرست کیے
اور اُس میں اپنی روح پھونکی،
اور تمہیں کان، آنکھیں اور دل دیے
(مگر)
تم لوگ بہت کم شُکر کرتے ہو

ف: شُکر گزار بن!

یا حیُّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۳۳

یہ راہی اِس موڑ پہ پہنچا
طریقت اِسے چھُپا نہیں سکتی
اور حال اسے لُکا نہیں سکتا
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ
کوئی غیر نہ اس میں آسکتا ہے ، نہ سما !

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ

گواہی دیتا ہوں میں کہ کوئی معبود نہیں مگر اللہ واحد

لَا شَرِيْكَ لَهٗ اِلٰهًا وَّاحِدًا اَحَدًا

کوئی شریک نہیں اس کا معبود ہے وہی ایک تن تنہا

صَمَدًا لَّمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا

بے نیاز نہیں بنایا اس نے کسی کو بیوی اور نہ بیٹا

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ سورۃ اخلاص

اور نہیں اُس کا ہمسر کوئی بھی۔ (۱۰ بار)

حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے اِرشاد فرمایا کہ جس شخص نے دس بار کہا اشہدان ..... الخ اللہ تعالیٰ اُس کے نام پر چالیس لاکھ نیکیاں لکھتا ہے

(جامع ترمذی / کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۴۳)

اِس حال میں رہنا!

سُبْحَانَ ذِی الْفَضْلِ وَالنِّعَمِ ط

سُبْحَانَ ذِی الْمَجْدِ وَالْکَرَمِ ط

سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ط

اور یہ اصلی مقام ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۱۰۳۴

اُوْذُوْا فِیْ سَبِیْلِیْ

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حیّ یا قیوم

تیری راہ میں جس نے بھی مجھ سے کوئی زیادتی کی

یا میں نے کسی سے کی ہو اُسے معاف فرما!

بے شک تُو ہی

عَفُوٌّ کَرِیْم

عَظِیْمُ الْعَفْو اور

خَیْرُ النَّصِیْر ہے! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذُوالفضل العظیم

۱۱۰۳۵

جذب ـــــ عمر یات پہ حاوی

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذُوالفضل العظیم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِاسۡمِکَ

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے اس نام سے

الطَّاھِرِ الطَّیِّبِ الۡمُبَارَکِ الۡاَحَبِّ

جو طاہر ہے طیّب ہے مُبارک ہے تجھے سب سے

اِلَیۡکَ الَّذِیۡ اِذَا دُعِیۡتَ بِہٖ

زیادہ پسند ہے وہ نام جس کے ساتھ تجھ سے دعا مانگی جائے

اَجَبۡتَ وَاِذَا سُئِلۡتَ بِہٖ اَعۡطَیۡتَ

تو قبول فرماتا ہے اور جب اس کے ساتھ تجھ سے سوال کیا جائے

وَاِذَا اسۡتُرۡحِمۡتَ بِہٖ رَحِمۡتَ وَاِذَا

تو عطا فرماتا ہے اور جب اس کے ساتھ تیری رحمت مانگی جائے تو

اسۡتُفۡرِجۡتَ بِہٖ فَرَّجۡتَ ۝ مَرَّۃً

رحمت فرماتا ہے اور جب اس کے ساتھ فراخی مانگی جائے تو فراخی عطا فرماتا ہے (ایک بار)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَدۡعُوۡکَ اللّٰہَ وَ

اے اللہ! میں اسم اللہ سے تجھے پکارتا ہوں اور

اَدْعُوْكَ الرَّحْمٰنَ وَاَدْعُوْكَ

اسم رحمٰن سے پکارتا ہوں اور پکارتا ہوں نام تیرے

الْبَرَّ الرَّحِيْمَ وَاَدْعُوْكَ

البرّ الرحیم سے اور میں تیرے سارے اسمآ الحسنیٰ

بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى كُلِّهَا مَا

یعنی (اچھے ناموں) کے ساتھ تجھ سے دُعا کرتا ہوں جو

عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ

میں اُن میں سے جانتا ہوں اور جو میں نہیں جانتا کہ تو مجھے بخش دے

اَنْ تَغْفِرَلِيْ وَتَرْحَمَنِيْ ۝ مَرَّةً

اور مجھ پر رحم فرما۔ (ایک بار)

اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ پڑھتے ہوئے سُنا اللّٰھم انی اسئلک ..... الخ

فرمایا کہ ایک روز حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم مجھ سے

فرمانے لگے عائشہؓ! کیا تمہیں معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ نام بتادیا ہے جس کے ذریعہ سے دُعا کی جائے تو قبول ہوتی ہے؟ مَیں نے عرض کیا! یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں، وہ نام آپؐ مجھکو بتلا دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا اے عائشہؓ! تیرے لائق نہیں کہ مَیں تجھے سکھاؤں اور نہ ہی تیرے یہ لائق ہے کہ تو اس کے ذریعے دُنیا کی کوئی چیز طلب کرے۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ مَیں اُٹھی، وضو کیا، پھر دو رکعت نماز (نفل) پڑھی۔ پھر مَیں نے دعا کی

(اللّٰھم انی ادعوک ..... الخ)

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے (یہ سُنکر) تبسّم فرمایا۔ پھر فرمایا بے شک وہ ان اسماء میں سے ہے جن کے ساتھ تُو نے دُعا کی ہے۔

(سنن ابن ماجہ / کتاب الدعا بالسنۃ ج ۲ ص ۵۶-۵۵)

۱۱۰۳۶

"مَیں نے اسے پیدا کیا،

پالا

مُختلف مدارج سے گزرتا ہُوا

یہاں آیا

پھر سیٹی بجائی

تاں آیا

بناں بُلائے کوئی نہیں آیا۔"

"حَیثُ کَانَ — جہاں بھی ہو

حَیثُ کُنتُم — جہاں تُم ہو

یا جیسے تُم ہو

سیٹی مار کر بلاؤ۔" یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۳۷

اِس دارِ فانی میں کوئی کسی کا دوست نہیں،
مَطلب ہی مَطلب کا دوست ہے اور
میں اپنے دوست کے اِنتظار میں رہتا ہوں۔
اُس کا معاملہ میرا اپنا معاملہ ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۳۸

نہ کسی کی کرتے ہیں، نہ سُنتے،
اپنے ہی حال میں رہتے ہیں۔
اور اِس حال سے بہتر بھی کوئی اور حال ہوگا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۳۹

بولے ہوئے بول معاف تو ہو سکتے ہیں ،
مجھول نہیں سکتے۔ فضاؤں میں گونجتے رہتے ہیں۔
کبھی غیرت بن کر آتے ہیں کبھی کچھ اور۔
فنا نہیں ہوتے ۔ بقا ہی کی عزت بن
کر خاموش ہو جاتے ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۴۰

ذکر پابند نہیں ہوتا۔
ہر قید سے آزاد
ہر حال میں جاری رہتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۱۰۴۱

جو تم کہتے ہو، کرتے نہیں،
اندھیرا بن کر دِل پہ چھا جاتا ہے۔
کہتے سب کچھ ہو،
کرتے کچھ بھی نہیں!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فانّہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۴۲

منفرد کمال، جہاں بھی ہو، اپنی نظیر آپ
ہوتا ہے اور اِنسانی قدر کی اِنتہا۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فانّہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۴۳

تیرے بولنے ہی سے دِلوں پہ اندھیرا چھایا ہوا ہے۔
تبلیغ کا میدان ہر جا گرم ہے۔ گرما گرم۔ جب
اکھاڑے سے باہر آتے ہیں، خود بھول جاتے ہیں!

نِصف صدی سے یہ حال جاری ہے اور اِسی طرح
رہے گا، جب تک کوئی مانتا نہیں۔

یہ مضمون جلی حروف میں لوہے کی پلیٹ پہ لکھا ہُوا
ہے — ابھی تک کسی نے نہیں مانا!
واہ بھئی واہ!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۴

نہ چاند میں تلاش کر نہ سُورج میں،
اپنے اندر تلاش کر! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۵

کوئی بندہ خودسر نہیں، اللہ نے بندوں کو
بندوں پہ مُسلّط کیا ہُوا ہے! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

☼

و۔ حضرت ابنِ عساکرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسے رمضان میں تکلیف پہنچے اور روزہ افطار نہ کرے اور مر جائے تو دوزخ میں داخل ہوگا۔ اسے دیلمی اور خطیب نے روایت کیا ہے!

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۵ ص ۹۶)

و۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جھوٹ بولنا اور اس پر عمل کرنا نہ چھوڑے تو اللہ تعالیٰ کو اِس بات کی کچھ ضرورت نہیں کہ وہ (روزہ کا نام کرکے) اپنا کھانا پینا چھوڑ دے۔

(بخاری / کتاب العمل بالسنۃ ج ۵ ص ۹۶)

و۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہت سے روزہ دار سوائے بھوک کے کوئی ثواب نہیں پاتے اور بہت سے تراویح پڑھنے والوں کو سوائے بے خوابی کے کچھ نہیں ملتا۔

(المستدرک للحاکم / کتاب العمل بالسنۃ ج ۵ ص ۹۶-۹۷)

و۔ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روزہ دار صبح سے شام تک عبادت میں ہے جب تک غیبت نہ کرے۔ پس جب اس نے غیبت کی تو اُس نے روزہ پھاڑ دیا۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۵ ص ۹۷)

و۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روزہ دار عبادت میں ہے جب تک کسی مسلمان کی غیبت نہ کرے یا اُسے ایذا نہ دے۔ اسے دیلمی نے روایت کیا ہے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۵ ص ۹۷)

و۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم

میں سے کوئی روزہ دار ہو تو چاہیئے کہ بیہودہ نہ بکے اور جہالت نہ کرے۔ اگر کوئی شخص اُس سے لڑے یا گالیاں بکے تو وہ کہہ دے: میں روزہ دار ہوں، میں روزہ دار ہوں۔

(سنن ابو داؤد / کتاب العمل بالسنۃ ج ۵ ص ۹۸/۹۷)

۱۰۴۶

انسان کا چاند پہ پہنچنا ایک کمال ہے اور
تَبَتَّلْ اِلَیْہِ تَبْتِیْلًا ط
کمالِ کمال ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۰۴۷

ہر کمال تیرا ہی کمال ہے،
بندہ بیچارہ کمال پہ کیا قدرت رکھتا ہے!

*

بندہ ہی کمال کو شرمندہ کرتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۰۴۸

کبھی واہ واہ کا موقع نصیب ہونے نہ دینا

دیکھتے
سنتے
جانتے
خاموش رہنا — کمال کی انتہا۔ یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۰۴۹

رنگا رنگ مشروبات پینے والو!
کھولتے ہوئے پانی کی کیا دعوت ہو گی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۰

کسی کے لیے زیتون و انجیر اور
کسی کے لیے
زقّوم کی دعوات ہوں گی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۵۱

زَیَّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

ہمالیہ کی بُلند و بالا چوٹی
جڑی بُوٹیوں سے اَٹی ہوئی نباتات
کِس اَنداز میں ٹہکتی، مہکتی اور
زبانِ حال سے تسبیحات کرتی ہوں گی،
ماشاء اللہ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۰۵۲

قلعہ جات

کِس اہتمام سے بنے

کھنڈرات بن گئے

یہی اِن بیچاروں کا حشر ہونا تھا!

اِسی طرح شہر

اِسی طرح پنڈ

اِسی طرح گھر

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۳

اگر پتہ ہوتا

غیبت خور کا کیا حشر ہونا ہے،

دنیا میں کبھی کسی کی غیبت نہ کرتے،

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۵۴

شہادتؑ کا اجر

شہید کے تمام گناہ
بخش دیے جاتے ہیں

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۵۵

جزا کی بدولت چہرے روشن
اور
سزا کے باعث اندھے ہوں گے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَمَنْ كَانَ فِي هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ۝ (بنی اسرائیل : ۷۲)

ترجمہ: اور جو شخص دُنیا میں اندھا ہے گا سو وہ آخرت میں بھی اندھا رہے گا اور زیادہ راہ گم کردہ ہوگا۔

ف: سب سے بڑا خسارہ یہ ہے کہ جنّت کو دیکھ نہیں سکتے نہ ہی اہلِ جنّت کو۔ ہمیشہ ترستے رہیں گے کہ جنّت کیسی ہے اور اہلِ جنّت کیسے۔ اور تیرا جمال اہلِ جنّت ہی کو نصیب ہوگا اور مُنکر جمال سے محروم رہیں گے۔ ہائے وائے کرتے ہوں گے۔ جیتے جی کیوں ایمان نہ لائے!

معصوم بچّوں کا کیا حشر ہوگا؟ نادان تھے، ماں ہی کی گود میں جیئے اور مرے۔ اللہ ہی جانتے ہیں اور اللہ ہی

کو معلوم ہے ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۶

غیبت بند کر

روشن نہ ہو تو کہنا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۷

ہر شے میری طرف منسوب کیے جا رہے ہو،

نہ میں کسی کو جانتا ہوں نہ مانتا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۵۸

وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ط

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ (الحدید: ۴)

ترجمہ: اور وُہ تمہارے ساتھ رہتا ہے خواہ تم کہیں بھی ہو۔

اور اللہ تمہارے سب اعمال کو بھی دیکھتا ہے۔

ف: اور حاضر و ناظر کسے کہتے ہیں ؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۰۵۹

قرآنِ کریم میں لفظ مُوسیٰ ۱۳۶ بار آیا

اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم بنی اسرائیل (بنو اسرائیل)

کا لفظ ۴۱ مرتبہ آیا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۰۶۰

لفظ "اُف" قرآنِ کریم میں تین مرتبہ آیا۔
ایک یہ ہے :

فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا
وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ۝ (بنی اسرائیل: ۲۳)

ترجمہ: سو اُنہیں (یعنی معمّر والدین کو) اُفّ تک
بھی نہ کہو اور اُنہیں جھڑک مت دو اور
اُن سے نہایت ادب سے بات کرو۔

ف : . . . . . چہ جائیکہ پٹائی

(باقی دوپہر)

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۶۱

اُن کی جستجو میں رہنا

فراق میں جلنا

جنّت سے بہتر!

بن پائے، چین نہ آئے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۶۲

بندے کا قول و قرار پہ ثابت قدم رہنا
اللہ ہی کی عنایت ہوتا ہے۔

و ما توفیقی الا باللہ لا قوۃ الا باللہ

قول و قرار دِنوں تک محدود نہیں ہوتے،
قیامت تک قائم و دائم رہتے ہیں

کسی نہ کسی خصلت کا عُنوان ہوتے ہیں اور
اُنہی کی بدولت سرفراز

خصلت کی تمکنت کبھی ماند نہیں پڑتی
چاند کی چکور بن کر فضا میں پرواز کیا کرتی ہے

کبھی بُلبُل بن کر اِرم کی سیر

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

❋

اَفَرَءَیتُمُ النَّارَ الَّتِی تُورُونَ ۝
ءَاَنتُم اَنشَاتُم شَجَرَتَهَآ اَم
نَحنُ المُنشِئُونَ ۝ (الواقعہ ۷۱-۷۲)

ترجمہ: اچھا پھر یہ بتلاؤ جس آگ کو تم سُلگاتے ہو،
اُس کے درخت کو تم نے پیدا کیا ہے یا ہم پیدا
کرنے والے ہیں؟

۱۰۶۳

غیبت کے باعث دِل پہ اندھیرا چھایا ہوا ہے

لاد

غیبت ہی نے دل کی روشنی کو ظلمت کدہ
بنایا ہُوا ہے

غیبت تم چھوڑ نہیں سکتے ،
خُدائی روشنی پھر پا نہیں سکتے !

غیبت سے قطعی دُور
وہبی علوم کا وُرود

زبان سے کی جاتی ہے ، معدہ کے
امراض کا باعث بنتی ہے اور بھدّا بن کر
انسانیت کے نُور کو دھندلا کر دیتی ہے۔
یا جیسے مَنّ و سلوٰی کی رکھی ہوئی

پلیٹ میں کسی سڑے ہوئے مُردار کا کرنگ۔
نہ کوئی رکھ سکتا ہے، نہ کھا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۴

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ
رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ
كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ (ھود - ۶)

ترجمہ: اور کوئی (رزق کھانے والا) جاندار رُوئے زمین پر نہیں کہ اُسکی روزی اللہ تعالیٰ کے ذمّہ نہ ہو اور وہ ہر ایک کی زیادہ رہنے کی جگہ کو اور چند روزہ رہنے کی جگہ کو جانتا ہے۔ سب چیزیں

کتابِ مُبین (یعنی لوحِ محفوظ) میں (مُنضبط اور مُندرج) ہیں۔

ف: ہم رِزق ہی کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہیں۔ جس نے پیدا کیا، وُہی پالنے کا ضامن!

یاحیّ یاقیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۶۵

کِھلے
ٹھلے
مہکے
اور مُرجھا گئے۔

یہی پھُولوں کی داستان! یاحیّ یاقیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۶

کوئی بھی ایسا گناہ نہیں جس کی توبہ نہ ہو
اور اللہ توبہ کرنے والے کو دوست
رکھتا ہے۔

واللہ باللہ تاللہ ماشاء اللہ !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۷

کوئی بھی نعمت ایسی نہیں جو اللہ نے
بندوں کو نہ دی ہو لیکن شُکر نہیں کرتے ،

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۶۸

تیرے فضل و کرم کو پا کر،
پتھر دل موم ہوئے۔
جو کبھی نہ روئے تھے،
آبدیدہ ہوئے! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرّازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۱۰۶۹

ناداری کی لذّت کسی نادار سے پوچھ!
ناداری ——— عین مالداری!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۰۷۰

فضل ہی فضل کا ترجمہ اور
کرم ہی کرم کا۔
لُغت اِسکی تشریح سے عاجز۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۷۱

نہیں مانا ـــــ تو ربّ کو نہیں
اور یہی ـــــ خُسرانُ المبین !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۷۲

بہترین عُمر وہ ہے
جو تیری جُستجو میں گزری!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۰۷۳

میں نے تجھے
پُٹھیاں کر کے مُنہ کے بَل گرایا۔
غیرت مند ہو تو پھر کبھی
پاس نہ آنا!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۱۰۷

دِل کی آنکھیں کھول کر دیکھ!

دُنیا کی ہر شے

فانی

عارضی

اور چند روزہ،

اور

آخرت —— باقیاتُ الصّالحات

واللہ باللہ تاللہ

ماشآء اللہ لا قوۃ الا باللہ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۷۵

مرکر بجینے والوں نے بتایا
یہ فنا کا مقام ہے
بقا ــــ "ھُوَ" کی پَود
اور
پَود ہی نے فصل کو اُگایا

بقا ایک محوّیت ہے،
حاضر و ناظر اِس کا شہود
وما توفیقی الا باللہ!

یا حبّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۷۶

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ
الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ
عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ۝ (العلق ۳ تا ۵)

ترجمہ: آپ قرآن پڑھا کیجئے اور آپ کا ربّ کریم ہے۔
(جو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور ایسا ہے)
جس نے قلم سے تعلیم دی۔ انسان کو اُن چیزوں
کی تعلیم دی جن کو وہ نہ جانتا تھا۔

بندے کے اندر نو ۹ دروازے کھلے رہتے ہیں
دو ۲ اور ہیں: قلم اور قلب

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۰۷۷

ابھی تک دیگچی کے ڈھکنے کو بند نہیں کیا۔
بند کر اور پیچ پہ پیچ چڑھا کر
مضبوطی سے بند کر۔ تیرے کرنے ہی کی دیر ہے

یہ بنی یہ بنی یہ !
یہ ہُوئی یہ ہُوئی یہ !

اِسی دیگچی میں
جھُوٹ، غیبت، چُغلی اور حسد کو
جَلا جَلا کر بھسم کر
نام تک باقی نہ رہے

یہی بندگی کی مُراد

جو باز رہا ، بامُراد ہُوا

یہ ہدایت ہر کسی کو راس آئے!
کوئی بھی اِس کا مُنکر نہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۱۰۷۸

غیر اِمتیازی سُلوک بہر حال قائم رہتا ہے
اور یکساں !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۰۷۹

ایک ماں بولی :

"پُتر سکندر !"

ہاتف بولا :

" یہاں تو لاکھوں سکندر پڑے ہوئے ہیں،
کِس سکندر کو پوچھا ؟ "

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۰۸۰

ایک اللہ کے بندے پہ رحمت گھٹائیں باندھ کر
آئی ، ماشاء اللہ ! داڑھی ضروری تھی،
ساس بولی : کیا بدشکل بن کر آیا ہے ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۰۸۱

مجھ سے اپنے قیدی بھائیوں کی رمضان المبارک
کی افطاری میں کوتاہی ہوئی۔ پھر کبھی نہ ہوگی،
ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ!

بولے: آج میری ماں مری!

ہر کوئی ہر شے کرنے کا مجاز ہے مگر قیدی۔
دعوتوں میں سے بہترین — قیدیوں کی دعوت۔
یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۰۸۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِعْلَمُوْٓا	تم خوب جان لو کہ
اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	(آخرت کے مقابلے میں) دُنیوی زندگی
لَعِبٌ وَّلَهْوٌ	محض لہو ولعب ہے
وَّزِيْنَةٌ	اور (ایک ظاہری) زینت
وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ	اور باہم ایک دوسرے پر فخر کرنا
وَتَكَاثُرٌ	اور ایک دوسرے پر زیادتی چاہنا
فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ	مال اور اولاد میں
كَمَثَلِ غَيْثٍ	اُس مینہ کی طرح
اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ	کہ اُس کی پیداوار کاشتکاروں کو بھلی
ثُمَّ يَهِيْجُ	معلوم ہوتی ہے پھر وہ خشک ہو جاتی ہے تو
فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا	تُو اُسے زرد دیکھتا ہے
ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا	پھر وہ چورا چورا ہو جاتی ہے

وَفِي الْاٰخِرَةِ	اور آخرت (کی کیفیت یہ ہے کہ اس) میں
عَذَابٌ شَدِيْدٌ	سخت عذاب ہے
وَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ	اور اللہ کی طرف سے مغفرت
وَرِضْوَانٌ ط	اور (اُسکی) رضامندی۔
وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ	اور نہیں ہے دُنیوی زندگی
اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ہ	مگر محض دھوکے کا اسباب

(الحدید - ۲۰)

ف: اور اسکی تصدیق کسی اہلِ دُنیا ہی سے پُوچھ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۰۸۳

کوئی بھی نہیں مانتا،

تُو ہی مان جا! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۰۸۴

ملّی امراض کی تشخیص کردی !

وما علینا الا البلاغ

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۸۵

ہر رُوپ میں تُو

بہرُوپ میں تُو

پات پات میں تُو

تنکے تنکے میں تُو

پہچانا نہیں جاتا

ہر جا تیرا ہی رُوپ ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۸۶

سُبْحَانَ الْعَزِیْزِ الْکَرِیْمِ ط

جس نے بھی کریم کو پکارا

کرم ہُوا

یَا کَرِیْمَ الْعَفْوِ یَا خَیْرَ النَّصِیْرِ ط

سُبْحَانَ ذِی الْمَجْدِ وَالْکَرَمِ ط

کوئی بھی محروم نہ رہا!

ایک ہی تو آسرا ہے!

اَسْئَلُکَ بِوَجْهِکَ الْکَرِیْمِ ط

اِرم ـــــ کرم کی وادی کا گُلستان۔
بُلبل، باغِ اِرم سے
کرم ہی کا پھُول لائی !
سدا بہار مہک
کبھی نہ کُمھلایا
گویا
ابھی ابھی آیا !

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۸۷

کرم

اُن ہی کے گھر میں اُترا
اُن ہی کو وراثت میں ملا

خصوصی عنایت — اُن کی فطرت
سدا سائل کے اِنتظار
میں رہے ،
کب آئے — کب دیں !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۸۸

یہ صِدق و صَفا کا جام ہے،
ہر کوئی اِسے پی نہیں سکتا!

یہ قُدرت کرم ہی کو حاصل ہے۔
جِسے بھی پلایا، کرم ہی نے پلایا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۸۹

کرم نے کبھی کسی سائل کو
خالی نہیں موڑا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۹۰

ایک خصلت کی ماں نے
نو بہ نو خصائل پیدا کیے! یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۹۱

کر کے تو دیکھ،
پردے نہ اُٹھا دوں تو کہنا! یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَنِیْ

ہر طرح کی حمد و شکر اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جس نے مجھے پیٹ بھر کر

فَاَشْبَعَنِیْ وَسَقَانِیْ فَاَرْوَانِیْ ۝

کھانا کھلایا اور مجھے سیر ہو کر پانی پلایا۔

حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص نے پیٹ بھر کر کھانا کھایا اور سیراب ہو کر پانی پیا پھر کہا :

الحمد للہ الذی ..... الخ تو وہ گناہوں سے اِس طرح نکل جاتا ہے جیسا کہ وُہ پیدائش کے دِن (معصُوم) تھا۔

(عمل الیوم و اللیلۃ / کتاب العمل بالسنۃ ج ۳ ص ۴۶)

۱۱۰۹۲

انداز بتا رہے تھے کوئی اِس میں رہتا ہے۔
رہنے والے ہی نے بتایا میں یہاں رہتا ہوں
ورنہ کوئی خبر نہ تھی۔

*

تیری آمد و رفت ہی نے تیرا راز کھولا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۹۳

مانگنے والوں نے تو ہر چیز مانگ لی، کوئی بھی کسر
باقی نہ رہی۔ مانگنا ہی ہے تو میرے آقا روحی فداہ
صلے اللہ علیہ وسلم کی اُمّت کی مغفرت کی خیر مانگ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۹۴

تیری قُدرت کی حکمت سے ہر شے ہو رہی ہے،
کسی کی بھی کوئی دانشمندی نہیں۔

ہر دانش ور کے پَردوں میں تیری ہی
دانش کارفرما ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۹۵

ایک آدمی ایک کتاب پڑھ کر کسی عمل کے
لیے تیار ہوا، ناکام ہُوا۔
صِرف کتاب پڑھ کر عمل نہیں ہوسکتا۔
ہر عمل کے لیے عامِل لازم و ملزوم۔

عامل کا پڑھایا ہوا عمل چالیس روزہ نہیں،
ابدی ہوتا ہے۔
اپنے عمل کے مطابق کامل۔

سُنّتِ مُطہّرہ کا ایک عمل، عمل کے اعتبار
سے کامل گردانا جاتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۹۶

اپنی لکھی ہوئی کتاب کو بار بار پڑھنا
بیشک اللہ کو پسند ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۹۷

جب آئی پہ آئے
سُبل السّلام کی راہیں بتا دیں گے
بگڑی ہوئی بات بنا دیں گے
قَالُوا بَلٰی کے اِقرار کو اَلَسْت بنا دیں گے
جو کبھی نہیں مانے ، منا دیں گے
گِرتی ہوئی تمکنت کو کبھی گرنے نہ دیں گے

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ
لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُـوَ
فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝

اِسلام کی دو مایہ ناز سُبل السّلام :

- ذکرِ الٰہی
- خدمتِ خلق

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۰۹۸

اور مِٹنے کا طریق بھی بتا دیں گے

و کسی میر و سُلطان سے کوئی واسطہ نہ رکھنا
و مفلوکُ الحال مساکین کی گُتھلی بھرتے رہنا

یہی طریقتُ التّام کی اسناد اور
یہی فِتنات سے باز رہنے کا دُستور!
طریقت نے اِسے مرحبا کہا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۹

دیکھ لینا! دُھونی رما دیں گے

مچ ہی میں دُھوم مچا دیں گے

اور مچ کو سچ بنا دیں گے

اور
یہی رِندی کا دستور!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۰۰

یہ وہ تعبیر ہے جو کبھی شرمندہ
نہ ہوگی ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۰۱

اپنے آپ کو منانا تھا، منالیا
اپنے آپ کو رُلانا تھا، رُلالیا
اپنے آپ کو سمجھانا تھا، سمجھالیا
اپنی دُھونی آپ رمانی تھی، رمالی
اپنے ہی اندر یہ صف بچھانی تھی، بچھالی

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۰۲

اہلِ فقر کی زد میں اللہ العلی العظیم ہوتا ہے،
کسی میر و سُلطان سے کوئی واسطہ نہیں رکھتے۔
میر و سُلطان سے اہلِ فقر کا ملاپ
کبھی ہُوا ہی نہیں،
سَجتا بھی نہیں اور پھبتا بھی نہیں۔
طریقت نے اِس کو مان لیا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۱۰۳

روایاتِ کُہنہ کی ایک بھی بات ہم میں نہیں۔
کیا تھے اور کیا بن گئے !

اِس مشق کو دُہرا۔
اور رِندوں ہی نے زِندوں کو اِس مشق پہ
مجبُور کیا۔

یہ مشق اُن کی منزل تھی !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۰۴

ہم خیالی آدھی منزل ہوتی ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۰۵

دیکھ دیکھ تھکے،
دیکھا کہ کسی بھی کام کا نہیں،
بیزار ہو کر چلے گئے!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۰۶

اصلی مال وہ ہوتا ہے جو چرانے کے لائق نہ ہو۔
بالکل ہی ناپسند، بودا، پھٹا ہوا۔
جو کسی بھی کام کا نہ ہو۔
اور ایسا ـــــ ہمارا ہوتا ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۰۷

اِس راہ میں
ہر ذِلّت نے میرا اِستقبال کیا
ذِلّت کا ہر حربہ
میدان میں اُترا اور چل دیا!

یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ
اِنِّیْ عَبْدٌ مُذْنِبٌ ذَلِیْلٌ
وَاَنْتَ رَبِّیْ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ
فَاعْفُ عَنِّیْ فَاِنَّكَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ
یَاعَظِیْمَ الْعَفْوِ یَاخَیْرَ النَّصِیْرِ

یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۱۰۸

رقوم جگہ جگہ گھومیں، کوئی باریابی نہ ہوئی۔
اوڑک ہتھ دھوکر بیٹھ گئیں۔

*

یہ تھا تیرا فقر، جواب تم میں نہیں!

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۰۹

نفع کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہو،
اصل نفع مفلوک الحال بیوگان و مساکین کو
پیٹ بھر کر کھلانے میں ہے،
اور اِس طرف کوئی آتا نہیں!

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۱۰

پیر ——— مُرید کی اور
مُرید ——— پیر کی مُراد ہوتا ہے

اور مُحبّتِ پیری مُریدی سے آزاد۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیرالرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۱۱

جب چاہتا ہے، ہوتا ہے
تیرے میرے بس کی بات نہیں

بتانا میرا کام ہے، کرنا تیرا۔
اور کرنا، بڑا کام ہے! یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیرالرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۱۲

کسی آدم زاد بیچارے نے کیا کام کرنے ہوتے ہیں! اللہ ہی کرواتا ہے تو ہوتے ہیں۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۱۳

عزم ایک نُصرت ہے۔ عزم ہی کے بل بوتے پہ نُصرت اِترایا کرتی ہے اور فتح ـــــ اس کا اِعزاز۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۱۴

خیال ، خیال میں محو ہُوا۔
اور محویت کسے کہتے ہیں ؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذُوالفضل العظیم

۱۱۱۱۵

پسند کو ناپسند کرنا ـــــ عام عادت
پھر ناپسند کو پسند ـــــ مجبُوری

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذُوالفضل العظیم

۱۱۱۱۶

جو بھی پھنسا ، لالچ ہی کے جال میں پھنسا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذُوالفضل العظیم

۱۱۱۱۷

اللہ سے ہمکلامی ــــ تلاوتِ قرآنِ کریم

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۱۱۸

اوّلین فرمان : اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ

رُوح نے کہا : قَالُوْا بَلٰی

قَالُوْا بَلٰی کا اِقرار رُوح کی وہ پُکار ہے جو ہر وقت گُونجتی رہتی ہے۔ کبھی نہیں بھُولتی۔ اور اسی کی بدولت زندگی کی ہستی میں مستی رہتی ہے۔

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی : یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۱۱۹

گھاس پھوس کے عجیب و غریب "محلّات"
تیار کیے، معماری کی حد مکا دی، لیکن کوئی بھی
نہیں۔ پرندوں ہی کی وادی بنے۔
خوب کام آئے! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۱۲۰

ہر کسی کا
اللہ ہی عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَة ہے
شاہد بھی ہے، مشہود بھی۔
وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط
حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ ط
یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۱۲۱

کھلاڑی جب میدان میں اُترتے، دُھوم مچ جاتی!
فلاں اُترا ، فلاں اُترا ، فلاں !
بڑی ہی اہم بازی ہوتی !
ایک، دوسرے سے بازی لے جاتا!
ایک ایک صدی میں کئی کئی اکھاڑے لگتے،
اب کوئی اکھاڑا جمتے نہیں دیکھا!

جوبن ہے ——— بَل نہیں
تصوّر ہے ——— تصویر نہیں

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۲۲

ازلی جذب اصلی ہوتا ہے۔
کسی بھی حال میں کبھی نہیں بدلتا۔
ایک ہی رُوپ میں رہتا ہے۔
ہر دور میں جذب نے جذب کا اِستقبال کیا۔
ایک سے بڑھ کر ایک۔
کبھی نہ پہچانا گیا۔
کبھی گنگ ، کبھی مدہوش۔
کبھی جامۂ عُریاں ، کبھی سَتر پوش۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۲۳

جذبؔ ـــــ جنُون کی ماں

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۲۴

مَیں اور مَن
کبھی نہ مرے۔
دونوں جُڑواں ہیں،
جب بھی مرے،
بیک وقت مرے!

یہ ہے عزم الاُمور!

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۲۵

بولا : میں مشرق و مغرب کا سیّاح ہوں۔
سورۃ اَلْھُمَزَہ کے عامل کی تلاش میں
نکلا ہوں۔ مغرب ہونے کو ہے، ابھی تک
کوئی جوان نہیں ملا۔ دُور دراز جنگل و بیابان
تک پہنچا۔ تمنّا تھی اُسے پاکر بوسہ دوں،
کوئی نہ ملا۔ حسرت زدہ ہوکر لوٹا !

سورۃ اَلْھُمَزَہ میں دو باتیں ہیں،
ان دو باتوں سے کسی کو دست بردار ہوتے
نہیں دیکھا !

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ

بڑی خرابی ہے ہر ایسے شخص کے لیے جو پس پُشت عیب نکالنے والا ہو

لُّمَزَةِ نِ ۙ الَّذِي جَمَعَ مَالًا

(اور) رُو در رُو طعنہ دینے والا ہو جو (غایت حرص سے) مال جمع کرتا ہو اور

وَّعَدَّدَهٗ ۙ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗٓ

اس کو بار بار گنتا ہو۔ وہ خیال کر رہا ہے کہ اُس کا مال اس کے

اَخْلَدَهٗ ۚ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ

پاس ہمیشہ رہے گا۔ ہرگز نہیں۔ وہ شخص ایسی آگ

فِي الْحُطَمَةِ ۖ

میں ڈالا جائے گا جس میں جو کچھ پڑے گا وہ اُسے توڑ پھوڑ کر رکھ دے گی

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۭ

اور آپ کو کچھ معلوم ہے کہ وہ توڑ پھوڑ کرنے والی آگ کیسی ہے

نَارُ اللّٰهِ الْمُوقَدَةُ ۝

وہ اللہ کی آگ ہے جو (اللہ کے حکم سے) سلگائی گئی ہے

الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝

جو (بدن کو لگتے ہی) دلوں تک جا پہنچے گی (اور) وہ ان پر

اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝

بند کر دی جائے گی (اس طرح سے کہ) آگ کے بڑے بڑے لمبے ستونوں

فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝

میں (گھرے ہوں گے)

(الھمزۃ آیت ۱ تا ۹)

۱۱۱۲۶

"غیرت غیرت" کہتے ہو، جانتے بھی ہو غیرت
کب آتی ہے ؟

غیریت جب دُور ہو جاتی ہے، مطلوبہ غیرت آجاتی ہے۔ کسی اور طرح آسکتی ہی نہیں۔
غیرت نے کبھی غیریت کو پاس تک پھٹکنے نہ دیا۔
غیرت کے ہمراہ عزّت آتی ہے اور جبروت۔
اِنسانی فہم وادراک سے ورارُ الورا ۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۱۱۲۷

فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ ۝ (الحشر - ۲)

تخلیقِ آدم سے لے کر آج تک، تاریخ
عبرت کی داستانوں سے بھری پڑی ہے۔
بعض ملّی ہوتی ہیں، بعض قومی۔ بعض اجتماعی،
بعض انفرادی۔
بہر حال عبرت ہی کی داستانیں ہوتی ہیں۔
لیکن ہم میں سے کسی نے بھی، کسی سے،
کوئی عبرت حاصل نہیں کی، الا ماشاء اللہ۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۱۲۸

فرمایا: جس طرح کلّر اور تھور زمین سے کسان
نا اُمید ہو جاتا ہے کہ اس میں فصل تو کیا، جڑی بُوٹیاں
بھی نہیں اُگ سکتیں

اِسی طرح

تیرے دِل کی کیفیت اس کلّر اور تھور زمین
کی طرح ہو جس میں تیری کسی خواہش کا پودا،
پرورش تو کیا، اُگ بھی نہ سکے۔
تیرا دِل کسی بازار میں قابلِ قبول نہ ہو۔
مگر صرف اُن کے ہاں....

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ الحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۱۲۹

ملّی امانت کا امین تھا ورنہ ایسا مسافر اِتنی دیر کیوں کر رُکا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۳

جُستجو کبھی نہ مٹی

تمنّا کبھی نہ مَری

جُوں کی توُں قائمُ الدّائم

یہی اِن منازل کی

کُلیاتؔ و مقاماتؔ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۳۱

تام کئی منازل سے گزرتا ہُوا
تام ہُوا
کبھی گرم
کبھی بہت گرم
کبھی تیز
کبھی بہت ہی تیز
اُلٹا پلٹا کر
معیاری بنا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۳۲

جب تک اُن کی فرمائی ہوئی باتوں کو
مانتے نہیں، حال نہیں بدل سکتا۔
بدل سکتا ہی نہیں۔

*

اُن کی بات ہی اُن کا حال ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۳۳

جاگنا ——— سونے سے،
دینا ——— رکھنے سے بہتر!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۳۴

تیرا دِیا ہی تیرے کام آنا ہے !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۳۵

کپڑے اِتنے پتلے ہیں اور اِتنے ہیں کہ
دیکھے نہیں جاتے ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۳۶

نمائندہ وہ ہے جو افراط و تفریط سے بالا ہو کر
بہتری نمائندگی کرے ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۳۷

عابد وُہ ہے جو اپنے معبود کے سوا کسی اور
طرف متوجّہ نہ ہو۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۳۸

روشن وُہ ہے جو سدا روشن رہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۳۹

۲۲ رمضان المبارک

نہ پیر ہیں نہ فقیر،
اللہ کی راہ میں نکلے ہوئے مسافر ہیں۔
اللہ ہمیں اِستقلال عنایت فرمائے !

یہی میرے پیر و مُرشد کی حسرت بھری دُعا تھی۔ آمین

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ
الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۱۴۰

"کر" اور "کرو" میں زمین آسمان کا فرق ہے
کر ــــ کا مطلب ہے ضرور کر
کرو ــــ یعنی کرو یا نہ کرو۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ
الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۱۴۱

طریقت کی اَسناد صاحبِ طریقت ہی عنایت
فرمایا کرتے ہیں اور
میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم ہی کی
سفارش پہ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۴۲

یہ دُنیا کیا ہے ؟
تیرے جلال و جمال و کمال کے مُسخّرات کی تصاویر۔
اور تم کیا ہو ؟
تیرے فضل، تیرے کرم، تیری رحمت کے
اُمیدوار۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۴۳

توحید میں فرق کا نام تک نہیں ہوتا، اللہ ہی اللہ ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۴۴

توحید ـــــ شرک سے بیزار

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۴۵

نار سے گزر کر نور ہوا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۴۶

قبر صاف ہوتی ہے، کوئی کیڑا مکوڑا نہیں
ہوتا۔ تیرے اپنے ہی جسم کے کیڑوں نے
تجھے کھانا ہے! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۴۷

امیر المومنین
مولائے علی کرم اللہ وجہہ کو
جُبّۂ فقر عنایت ہوا۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۴۸

اربعہ عناصر:
خاک، پانی، آگ اور ہوا۔
خاک ہی کو خلافت کے لیے
نامزد فرمایا!

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۴۹

بول کبول مت بول!

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۵۰

یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

کُنْ کہہ کر خلق کو پیدا کیا۔
کوئی مومن بنا، کوئی محجوب
کوئی کافر بنا، کوئی منکر
جو، جیسے چاہا، بنا دیا
جو بنا، ازل ہی کے روز بنا۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۵۱

فرعون
نمرود
شدّاد
قارون
ازل ہی کے فیصلے! یَاحَیُّ یَاقَیُّوْم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۵۲

"تم صابر صاحبؒ جاتے رہو،
اُنہی کا علاقہ ہے،
تم جانو، وہ جانیں"

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۱۵۳

جو چیزیں یہاں جلی حروف میں بورڈ پہ
لکھی ہوئی ہیں، جب تک کوئی اُنہیں
مانتا نہیں ——— اَفسردہ !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۵۴

یَاحَیُّ یَاقَیُّوم

اسمِ اعظم بھی ہے،
فریاد رس بھی!

اَحسن بھی ہے
حسین بھی!
خالق بھی ہے
کریم بھی!

اور

یٰحیُّ یٰقیُّوْمُ

نوید بھی ہے،
اُمید بھی!

یٰحیُّ یٰقیُّوْمُ

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۵۵

اِن مقالاتِ حکمت میں یہ بندہ اپنی ہی
رُوح اور نفس سے مخاطب ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۵۶

دو باتیں اللہ کو بے حد پسند ہیں۔
ایک : بندے کا صدقِ دل سے اپنے تئیں

عَبدٌ مُذنِبٌ ذَلِیلٌ کہنا

دوسری : بندے کا یہ کہنا :

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ
اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ۝

ترجمہ :

گواہی دیتا ہوں میں کہ کوئی معبود نہیں مگر اللہ اور گواہی دیتا ہوں میں کہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم اُس کے بندے اور اُس کے رسول ہیں

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہٗ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ میری اُمّت میں سے ایک ایسے شخص کو الگ کرے گا جس پر اُس کے گناہوں سے بھرے ننانوے دفتر کھول دیے جائیں گے اور ہر ایک کی لمبائی حدِّ نظر تک ہو گی۔ پھر اللہ تعالیٰ اُس سے فرمائے گا کیا تُو اِن میں سے

کسی کا اِنکار کرتا ہے اور کیا میرے مقرّر کیے ہوئے نگرانوں (یعنی اعمال لکھنے والے فرشتوں) نے تجھ پر کوئی ظُلم کیا ہے؟ وہ عرض کرے گا: نہیں (انہوں نے وہی لکھا ہے جو میں نے کیا) پھر اللہ تعالےٰ فرمائے گا کیا تیرے پاس کوئی عُذر ہے؟ وہ کہے گا: نہیں اے میرے رَبّ! تب پروردگارِ عالم فرمائے گا ہاں ہمارے پاس تیری ایک نیکی لکھی ہوئی ہے جس کی وجہ سے آج تیرے اوپر کوئی ظلم نہ ہوگا۔ اُس وقت ایک پرچہ کاغذ کا نکالا جائے گا، جس پر اشھد ان ..... الخ لکھا ہوگا۔ اللہ تبارک تعالیٰ اس سے فرمائے گا اپنی میزان کے پاس آکر کھڑا ہو۔ وہ عرض کرے گا اے پروردگار! ننانوے دفتروں کے مقابلہ میں، جو گناہوں سے پُر ہیں، اِس ایک پرچہ

کی کیا حقیقت ہے ؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تیرے اوپر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا :

اس کے بعد وہ پرچہ میزان کے ایک پلڑے میں اور دوسرے تمام دفتر دوسرے پلڑے میں رکھے جائیں گے تو یہ پرچے والا پلڑا دفتروں والے پلڑے سے بھاری ہوگا اور وہ سب مل کر بھی اس کے مقابلے میں ہلکے ہوں گے کیونکہ اللہ تعالیٰ عزّوجل ذوالجلال والاکرام کے نام کے مقابلے میں کوئی چیز گراں نہیں ہو سکتی۔

جامع ترمذی ج ۲ ص ۸۸

مستدرک حاکم جلد ۱ ص ۶

کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۹۱۵-۶

۱۱۵۷

مسافرت ــ عجیب و غریب نمونے کی مظہر۔
مُسافر کچھ بھی نہیں رکھتا مگر پہنا ہوا لباس اور
ضروریات کی ایک بُقچی۔ اور
یہی مسافر کی زِندگی ہوتی ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۸

خالقاہی نظام

قیدی مجبور ہیں، آزادانہ میل جول اور پسند کا

کھانا کھانے سے محروم ۔ تیری رحمت کے منتظر ۔

اُن کو جی بھر کے کھلا ۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۱۵۹

اسیرانِ دُعا کے مُستحق ہیں اور سیر کے بھی ۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۱۶۰

مفلوک الحال اِنسانیت کو دِلاسا دینا

اِحسان بھی ہے،

اِکرام بھی !

یہی تیرے ربّ کو پسند !

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْقَیُّوْمِ

فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۱۶۱

جو زہریلا مادّہ تھا ، اُگل دیا،

آدم زاد بنا !

سُبْحَانَ الْخَالِقِ الْبَارِیءِ

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ ط

یا حیّ یا قیوم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْقَیُّوْمِ

فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۱۶۲

عَمَل دمبدم بڑھتا اور چڑھتا رہتا ہے۔
یہی عمل کی اِستقامت۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۶۳

کِتاب لِکھنا ایک عمل ہے۔
لِکھی ہوئی کِتاب پر عمل کرنا:
عَزِیمَۃُ الرُّشد

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۶

رُوح کے فیضان و برکات لامحدود۔
ازل سے جاری ہیں، ابد تک رہیں گے۔

*

رُوح، رُوح کی معاون و ہلاپی۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذُوالفضل العظیم

۱۱۱۶۵

حضرت سلیمان علیہ السّلام سے بھٹیاری کا
بھٹ جھونکایا!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذُوالفضل العظیم

۱۱۱۶۶

ملّت شکن اسباب :
تفرّقات

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۶۷

اللہ سے ڈرا کرو
سوچ کر بولا کرو
جو جانتے نہیں، مت کہا کرو

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۶۸

کِتابُ المبین کا ہر ایک حرف :

نُورِ مُبین

کِتابُ المبین ـــــــــ مَخزن الکتاب

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۶۹

بُلبُل صبح شام منتظِر رہی
کوئی مُژدۂ جانفزا آئے تو سُنکر سناؤں

اِرم

بُلبُل کی ایک اُڑان کی راہ ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۷۰

جنون کی بے شمار اقسام ہیں۔

ایک یہ ہے : _____

_____

_____

اکثر دیکھا جنون کے بولے ہوئے بول
تیر ہوتے ہیں اور تقدیر۔
دیر ہو سکتی ہے ، ٹل نہیں سکتے۔
ہو کر رہتے ہیں !
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْاَعْلٰى

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے اُس نام کا واسطہ دیکر جو اُونچا ہے

الْاَعَزُّ الْاَجَلُّ الْاَكْرَمُ۔

عزّت والا ہے ، بڑی ہی عزّت والا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا: اے اللہ کے رسُول (صَلَّی اللہ علیہ وسلم)! ایسی کوئی دُعا ہے جو رَدّ نہ ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ تُو کہہ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ ..... الخ

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد/کتاب العمل بالسُّنہ ج ۱ ص ۱۰۴۵)

۱۱۱۷

ایک معزز گھرانے کی خاتون رات کو اللہ
کے ذکر میں مصروف رہتی۔ ایک رات کنوئیں
کی منڈیر پر بیٹھی تسبیح و تحمید میں محو تھی، آواز آئی :
"قَالُوا بَلٰی کومان"
گھر واپس لوٹی۔ صبح خیرات مانگنے والے نے صدا دی۔
پوچھا "تم کون ؟"
کالی پوش منگتے نے، جو روزانہ سائل بن کر آتا،
عرض کی : "جی مَیں کالُو"
اُسی وقت "قَالُوا قَالُوا" پکارنے لگی

کالُو متحیّر ہو کر پریشان ہوا۔ قدموں میں گر پڑا۔
"جی میں نے کوئی قصور نہیں کیا !"

بیچارہ ڈر کے مارے کلکتہ چلا گیا، کلکتہ میں بھی اُسے پایا، یہی وردِ زبان تھا۔

لمبا حال ہے، اس سے زیادہ لکھنے کی سکت نہیں رکھتا۔ سال ہا سال اِسی حال میں گزرے۔ یہ بھی سُننے میں آیا صابر صاحبؒ کے حضور میں جا بیٹھی اور بقیہ عُمر اُن ہی کے آستانے پر گزار کر واصل بالحق ہوئی۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُو الفضل العظیم

۱۱۱۷۲

قیدی کسی بھی جُرم کا مُجرم ہو، جُرم کی سزا بُھگتتا رہتا ہے۔ اِسی لیے اللہ نے قرآنِ کریم میں

قیدیوں کی خدمت کا حکم فرمایا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ

اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے اسم

الْاَعْظَمِ وَ رِضْوَانِکَ الْاَکْبَرِ فَاِنَّہٗ

اعظم اور تیرے رضوانِ اکبر کے ذریعے کیونکہ وہ

اِسْمٌ مِّنْ اَسْمَآءِ اللّٰہِ ط

ایک اسم ہے اللہ کے اسماء میں سے

حضرت ابو مرثد بن کنانہ اور خلیفہ حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس دُعا کو اپنے اوپر لازم کرلو اللھم انی اسئلک .....الخ

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۲۹)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِاَسۡمَآئِکَ

اے اللہ میں آپ سے سوال کرتا ہوں آپ کے پیارے ناموں کے طفیل

الۡحُسۡنٰی مَا عَلِمۡتُ مِنۡھَا وَمَالَمۡ

جو میں جانتا ہوں اُن میں سے اور جو میں نہیں جانتا

اَعۡلَمۡ وَ بِاسۡمِکَ الۡعَظِیۡمِ الۡاَعۡظَمِ

اور آپ کے عظمت والے نام کے طفیل جو سب سے بڑا ہے۔

وَ بِاسۡمِکَ الۡکَبِیۡرِ الۡاَکۡبَرِ ط

اور آپ کے اُس نام کے طفیل جو بڑا ہے، سب سے بڑا۔

اسے دیلمیؒ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ،

سے روایت کیا ہے!

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۹۲)

۱۱۷۳

"بتا، تیرے مَن میں اب کونسی چیز
زِندہ ہے تاکہ اُسے مار دیں ؟"
"اندر باھر کوئی بھی نہیں"

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرّازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۱۷۴

وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ
مَسْئُوْلًا ۝ (بنی اسرائیل : ۳۴)

ترجمہ : اور عہد پورا کیا کرو ، بیشک عہد کی باز پُرس ہوگی۔

ف : تیرے اپنے ہی کیے ہوئے عہد و پیمان تیری
گرفت کے لیے کافی ہیں۔

کوئی وعدہ پُورا نہ کیا۔ بار بار عہد شکنی کا مُرتکب!

ہوگا، ضرور ہوگا، دیکھنے میں نہیں آیا جو
عہد و پیمان کا پابند ہو۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۷۵

اہلِ قبور کا عذاب دیکھا نہیں جاتا۔
اگر کوئی دیکھ لے، توبہ توبہ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۷۶

اسیران بیچاروں کی بھی کیا عید ہوتی ہوگی!
ہر چیز کو ترستے ہوں گے اور اپنے کیے پہ
پچھتاتے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۷۷

ذکرِ الٰہی سے بہتر اور کوئی کمال نہیں

*

ذکرِ الٰہی کی بدولت رُوح کی پرواز
وراء الوراء۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۷۸

پانی جسم کا عُنصر ہے، جی بھر کر پی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۷۹

آمدن کہاں سے آئی،
کہاں خرچ کی،
حساب ہو گا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۸۰

جب بھی کسی پہ رحمت آئی ،
راحت اور رحمت ساتھ آئی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۸۱

دائمی اِعتکاف ــــ اِعتکاف کی حدّ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

لَمَّا أُلْقُوا فِي الْقَلِيبِ وَقَفَ عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أَهْلَ الْقَلِيبِ بِئْسَ عَشِيرَةُ النَّبِيِّ كُنْتُمْ لِنَبِيِّكُمْ كَذَّبْتُمُونِي وَصَدَّقَنِي النَّاسُ وَأَخْرَجْتُمُونِي وَآوَانِي النَّاسُ وَقَاتَلْتُمُونِي وَنَصَرَنِي النَّاسُ

(تاریخ الخمیس / غزوۂ بدر سلسلہ اشاعت ۲۱۵ ص ۳۲/۳۳)

ترجمہ: (غزوۂ بدر میں) جب کفار گڑھے میں ڈالے گئے تو آپ صلے اللہ علیہ وسلم کنارے پر کھڑے ہو گئے اور فرمایا: اے گڑھے والو! تم اپنے نبی کے لیے نبی کا بدترین قبیلہ ہو۔ تم نے مجھے جھٹلایا اور لوگوں نے میری تصدیق کی۔ تم نے مجھے مکہ سے نکالا، لوگوں نے مجھے اپنے ہاں جگہ دی۔ تم نے مجھ سے جنگ کی اور لوگوں نے میری مدد کی۔

نیز فرمایا :

فَاِنَّ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا قَالَ فَقَالَ عُمَرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا تُكَلِّمُ مِنْ اَجْسَادٍ لَا اَرْوَاحَ لَهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا اَقُوْلُ لَهُمْ۔ (فتح الباری شرح صحیح بخاری/غزوہ بدر سلسلہ اشاعت ۲۱۵ جلد ۳۱/۲)

ترجمہ : بے شک ہمارے ساتھ ہمارے ربّ نے جو وعدہ کیا تھا، ہم نے سچ پایا، کیا تم نے بھی وہ پایا جس کا وعدہ تمہارے ساتھ تمہارے ربّ نے کیا تھا ؟ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ! آپ ایسے جسموں سے خطاب فرما رہے ہیں جن میں کوئی جان نہیں۔ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے اُس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی جان ہے، جتنا وہ سُن رہے ہیں، تُم اتنا نہیں سُن رہے۔

۱۱۱۸۲

اِس دَور کی فقیرانہ زِندگی،
رہبانیت نہیں، عینِ اِسلام ماشاءاللہ!

کسی کی بھی ہو،
حیرت انگیز ہوتی ہے اور پسند۔
پسند ترین بھی کہیں تو بے جا نہیں۔

اور اکابرین کی زِندگی میں شمار نہیں کی جاتی
البتہ حیران کُن ضرور ہوتی ہے۔

اُن ہی سے پُوچھ کہ کیا ہوتی ہے!

سارنگی کی تمام تاریں بیک وقت
اپنے ہی اندر بجا دیں۔
نہ من رہا نہ دھن،
ایک ایک کرکے اُڑا دیں،
سرِ بازار لُٹا دیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۸۳

فنا ہوکر ہی بقا حاصل ہوتی ہے۔
اور یہ فنا کا منظر ہے!

فنا کا نمونہ پیش کر!

فنا کے بعد بقا لازم و ملزوم

اندر ہی فنا تھی، اندر ہی بقا!

اِس قسم کی فنا کے ہم متحمّل نہیں۔
اُن کا کام تھا،
اُن ہی کو نصیب ہُوا۔
البتہ جدّوجہد جاری رکھیں گے۔
یہ بھی ایک عُمدہ قسم کی فنا ہے اور
کافی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۸

یہ راگ بقا کا مظہر!
بقا جسے بھی نصیب ہوئی،
اِس راگ ہی کی بدولت ہوئی۔
اِس راگ کو بجانا ہی تو مقصود تھا!
اِس راگ کو نہ بجاتے،
کِسی کی بھی کوئی زندگی نہ ہوتی۔
نہ کوئی شے ہوتی، نہ شعور۔
نہ مَے کے ساتھ رِند آتے،
نہ صبُوحی کے ساتھ جام۔
عِلم و حِکمت کی سازندگی میں کیا ساز بجتے!
مُردنی چھائی ہوتی۔
اِس کی بدولت ہی زندگی کو شعور مِلا۔

کروٹ بدلی۔ اُٹھ بیٹھی۔
اور نت نئے راگ الاپنے لگی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۱۸۵

یہ راگ میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلّم
کی اُمّت کی مغفرت کے لیے گایا جا رہا ہے۔
دُنیاوی مجالس کو ہمیشہ کے لیے خیرباد کہکر نج
رہا ہے۔ قبول فرما!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۱۸۶

"رہتے کہاں ہو؟ قبر میں یا عرش پہ؟"
"دِل کے اَندر"

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۸۷

جب کِسی پہ سختی آئی،
کرم نے آ کے جھاتی پائی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۸۸

THE HOLY QUR'AN IS KARĪM.

ACT ..... OBEY.

ACTOR ..... WHO FOLLOWS.

ACTION ..... ALLAH'S BLESSINGS.

ACTIVITY ..... UNFAILING FAITH IN THE CREATOR, THE SUPREME POWER.

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفضل العظيم

۱۱۱۸۹

STRONG BELIEF IN ALLAH

IS ISLAM.

SAY WHAT YOU LIKE.

I AM AN INSIGNIFICANT SOUL.

NO ELECTION

NO SELECTION

BUT DEVOTION

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْحَیِّ الْقَیُّوْم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اور متوجہ ہوتا ہوں

اِلَیۡکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ (صلی اللہ علیہ وسلّم)

میں تیری طرف تیرے نبی محمد صلے اللہ علیہ وسلّم کے طفیل جو

نَبِیِّ الرَّحۡمَۃِ ط یَا مُحَمَّدُ اِنِّیۡ

رحمت کے نبی ہیں - یا محمد صلے اللہ علیہ وسلّم ! میں متوجہ

اَتَوَجَّہُ بِکَ اِلٰی رَبِّکَ

ہوتا ہوں آپؐ کے وسیلہ سے آپؐ کے رب کی طرف

فِیۡ حَاجَتِیۡ ھٰذِہٖ فَتَقۡضِیۡھَا لِیۡ ط

اپنی اِس حاجت میں تاکہ وہ اِسے میرے لیے پورا کردے

اَللّٰھُمَّ شَفِّعۡہُ فِیَّ وَشَفِّعۡنِیۡ فِیۡہِ

اے اللہ ! حضور صلے اللہ علیہ وسلّم کو میرا سفارشی کردے اور میرے بارے میں اُنکی یہ شفاعت قبول فرما

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک نابینا آدمی حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلّم کے پاس آیا اور بولا: اللہ تعالیٰ سے دُعا کیجئے کہ وہ مجھے تندرستی عطا فرمائے۔ آپ صلے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا اگر تُو چاہے تو دُعا کردوں اور اگر چاہے تو تاخیر کروں۔ اس نے کہا دُعا کر دیجئے۔

آپ صلے اللہ علیہ وسلّم نے اُسے حکم دیا کہ وہ وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھے اور پھر یہ دُعا کرے۔

اللّٰھم انی اسئلک ..... الخ

(مستدرک حاکم / کتاب العمل بالسنۃ ج ۳ ص ۲۵۰/۵۱)

۱۱۱۹۰

بجانی ہے تو اُنہی کی بین بجا
تیرے مُنہ میں اُنہی کی بین ہو
اُن کی بین کبھی بند نہیں ہوتی،
تا حشر جاری رہتی ہے
جس نے بھی اِس بین کو بجایا،
کیسے کیسے راگ اِس بین سے نکلے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۹۱

ALLAH LOVES NATURE,

MAN LOVES ART.

A DEVOTEE DIES

A HEROIC DEATH.

NOTHING IS LEFT BEHIND

BUT SOUL.

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۹۲

SOUL

WHEN BECOMES PIOUS,

BECOMES MIRROR.

THEN START WHAT YOU LIKE.

WORRY NOT —— CARRY ON.

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۱۹۳

MISTAKES —— HUMAN NATURE.

ALLAH —— FORGIVES.

ALLAH IS

THE MOST GRACIOUS,

THE MOST MERCIFUL.

ALWAYS FORGIVES

HIS CREATURE.

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْقَیِّمِ
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۱۹۴

YOUR MISSION :

(a) REMEMBRANCE OF ALLAH.

(b) PREACHING FOR REMEMBRANCE OF ALLAH.

(c) SERVICE TO HUMANITY.

AND THESE THREE NEVER FAIL.

یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۱۹۵

اِدارہ ساز — جاہ و حشمت سے بے نیاز !

یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۱۹۶

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا

اے ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچا

كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۖ اِنَّ بَعْضَ

کرو۔ کیونکہ بعضے گمان گناہ ہوتے

الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا

ہیں اور سُراغ مت لگایا کرو اور

يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ

کوئی کسی کی غیبت بھی نہ کیا کرے۔

اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ

کیا تم سے کوئی اِس بات کو پسند کرتا ہے کہ

لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ

اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے؟ اِسکو تو تم ناگوار سمجھتے ہو!

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ

بے شک اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے (الحجرات - ۱۲)

یہ سب چیزیں مجھ ہی میں پائی جاتی ہیں۔

"ان سب سے پاک ہو۔
پھر جس بھی میدان میں تو اترے گا،
فضل، رحمت اور کرم ساتھ ہوگا"

جب تک تو ایسا نہ کرے گا،
مردانگی تیری طرف حسرت زدہ نگاہوں
سے دیکھتی ہی رہے گی۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۱۹۷

خوب جائزہ لو، ہم انہی باتوں کے مارے ہوئے
ہیں ورنہ کوئی تو سرخرو ہوتا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۹۸

نفرت کی انتہا
محبّت کی ابتدا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۱۹۹

تائب جب توبہ کرنے پہ آیا ،
ایک ٹیلے کو کہا : اپنی جگہ سے اُٹھ جا۔
اُٹھ گیا۔
ایک مٹی کی بوری کو کہا : سونا بن جا۔
بن گئی۔
اہلِ توبہ اِسے توبہ کہتے ہیں۔

یاحیّ یا قیوم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ
فَاِنَّہٗ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۲۰۰

"طبرانی" سے وہ اِنتخاب کر
جو تُم نہیں جانتے
اور تُم نہیں کرتے

مٹّی اِسے کھا نہیں سکتی اور
آگ اِسے جلا نہیں سکتی

بُھولے ہوئے سبق کو دُہرانا
دین کی اصل زِندگی ہوتی ہے

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۲۰۱

کر ——— اَمر ہے،

کرو ——— تلقین۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۲۰۲

کرنا چاہتے ہو تو اِیثار پیدا کر۔

یہی مَردانگی کا جوہر! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۲۰۳

جس نے صِرف برکات دیکھیں،

حصولِ برکات کا منظر نہیں دیکھا،

تو کیا دیکھا! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۲۰۴

فاقہ ـــــــ رُوح کی پرواز کی قوت۔
اور توفیق ہی پہ موقوف۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۰۵

ترس کھانا تیری وہ عادت ہے
جو کبھی نہیں بدلی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۰۶

بار بار کرنے والے کا قول مُعتبر نہیں ہوتا۔
اسی طرح ترک۔

ماسِوا کی نفی میں اِنسانی عرُوج کی اِبتدا
اور
اِسی پہ اِستقامت ——— اِنتہا

ماشاءَ اللہ کان لاحول ولاقوۃ الا باللہ

یاحیُّ یاقیُّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذُوالفضل العظیم

۱۱۲۰۷

پاسِ اَنفاس وہ منزل ہے جو کسی بھی حال میں
کبھی نہیں ڈگمگاتی، قائم و دائم
رہتی ہے۔

ایک باطن کے سوا
ہر باطن کھول دیتی ہے
اَصَحُّ السَّیْرُ الْبَدَنْ
کے مصداق ہوتی ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۰۸

غیبت اِس لیے اللہ کو ناپسند ہے کہ
"میں ہی نے تو بندوں کو پیدا کیا ہے!"

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۰۹

قدیر ـــــ اپنی قُدرت سے قادرُالمقتدر!

اَنتَ اِخذُم بِنَاصِیَتِہَا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۱۰

اَخَذْتَ

اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا

کا یہ مطلب ہے کہ کسی کے بھی قبضۂ قدرت میں

کوئی شے نہیں

کردگار بھی تُو

پروردگار بھی تُو

اور تُو ہی تُو

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۲۱۱

تیرا سایہ

اَرض و سَما وَ مَا بَینَھُمَا وَمَا تَحتَ الثَّرٰی

پہ محُیط !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفَضل العظیم

۱۱۲۱۲

دین نہایت سادہ اور عام فہم ہے

کتاب العمل بالسنۃ کی اِتباع :

مایہ ناز دین۔

نسخۂ مایۂ یُحیِ العِظام کی تشریح ۔

کسی ایک امر و نہی پہ کاربند رہنا
دین کی عزّت بھی ہے اور عظمت بھی۔
دین نے جب بھی کسی کو قبول کیا،
برکات عود کر آئیں۔
بُوند بُوند کر کے یہ کاسہ لبریز ہونے لگا۔
جام پہ جام بھرنے لگے۔
یہی استقامت کا راز۔

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ ط

ا وامر و نواہی ـــــ دینیات کی ہفت ہیکل۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۲۱۳

عَلَق ، خالق کا عارف نہیں ہوسکتا۔

عارف وہ ہے جو

لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا عارف ہو

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۲۱۴

زیورات جواہرات، اللہ جانے، کسی کے کس کام
آتے ہوں گے ! ہر کسی کی ضرورت کی چیز تو ہے
قدرتی حُسن ـــــ لا یحتاج

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۲۱۵

سورج، چاند، ستارے، پہاڑ
سب کے سب ختم ہونے والے ہیں
صرف وُہ رہے گا
ذاتِ قُدس کا نُور
بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْض

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۱۶

شمسؒ نے صابر صاحبؒ کی خِدمت کی،
کیا خالی رہا؟
اپنے ہی رَنگ میں رَنگ دیا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للہ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۱۷

"رحمت رحمت" کہتے ہو، جانتے بھی ہو کہ
رحمت کِسے کہتے ہیں ؟
رحمت ——— فہم وادراک سے بالا۔
جب چاہے، کایا پلٹ دے۔
رحمت کے آگے کوئی بھی شے، کوئی شے نہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العظِیم

۱۱۲۱۸

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلّم کی اتباع
مقصود ہے۔ نہ کرامات مقصود ہیں نہ درجات۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفَضلِ العظِیم

۱۱۲۱۹

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ بِاسۡمِکَ الۡاَعۡظَمِ

یا حیّ

حِیۡنَ لَا حَیَّ فِیۡ دَیۡمُوۡمَۃِ مُلۡکِہٖ وَبَقَائِہٖ

اے زندہ جب کہ کوئی زندہ نہ ہوگا
اُسکی حکومت اور بقا کی ہمیشگی ہے

یا قیوم

فَلَا یَفُوۡتُ شَیۡءٌ مِّنۡ عِلۡمِہٖ وَلَا یَئُوۡدُہٗ حِفۡظُہٗ

اے قائم رکھنے والے، کوئی چیز آپ کے علم سے
فوت نہیں ہوسکتی اور نہ اُسے تھکاتی ہے
اس کی حفاظت

یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ

۱۱۲۰

یہ اکتالیس[۴۱] جلیل القدر اسماء ہیں۔

دو یہ ہیں:

یَا حَیُّ

یَا قَیُّوْمُ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۲۱

پھول کی کونپل سے لے کر جھیل تک کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی۔ اِسی طرح خالق اور قلب کے مابین۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۲۲۲

عاجز وہ ہے جو کچھ بھی کرنے پہ قدرت نہیں رکھتا۔

*

اِس اِعتبار سے ہر کوئی عاجز ہے

اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا

يَاحَيُّ قَيُّوْمُ

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۲۲۳

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَرْذَلِ الْعُمُرِ

ارذل العمر — باتوں اور مُلاقاتوں کا شکار۔

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۲۲۴

عَیبُ جوئی

اپنے عیب تلاش کر!

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۲۲۵

معیّت

"سمجھ گیا کہ نہیں ؟"

"اَللّٰہُ مَعِیَ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا"

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۲۶

جو کبھی کچھ پڑھتا ہے، کبھی کچھ،
اُس کے قلب میں چھالے پڑ جاتے ہیں۔

علاج :

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ صبح و شام ۱۱۰۰ بار
پڑھ کر پانی پی۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

جو شخص رُوئے زمین پر یہ کہے :

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

اس کے گناہ بخش دیے جاتے ہیں خواہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔

(عن عبداللہ بن عمرؓ / جامع ترمذی۔ کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۹۱۲)

۱۱۲۲

"کان بند کر،
باجہ نہیں بج رہا تو کیا ہے ؟"
"یہ صورتِ سرمدی ہے"

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۲۲۸

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَرٰی — اے اللہ! تُو دیکھتا ہے
وَلَا تُرٰی — لیکن دیکھا نہیں جاتا

(مصنف ابنِ ابی شیبہ / کتاب العلل بالسنۃ۔ ج ۱ ص ۹۶/۶۱)

ف :

یہ تیرا ربّ ہے
جس نے تجھے پیدا کیا
سجدہ کر
رحمٰن بھی ہے، رحیم بھی۔
وَ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط
اپنے ربّ کی طرف متوجّہ ہو۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۲۲۹

بچہ کو دیکھ کر تیری قدرت
سمجھ میں آئی - اِسی طرح میں تھا،
اور ہر کوئی ! !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۲۳۰

دین کو کمزور اور برباد کرنے والی
دو ہی چیزیں ہیں :
پسِ پُشت عیب جوئی
اور مال
جو اِن سے پاک ہُوا ، بحال ہُوا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ !
اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْکَ	سونپ دی میں نے اپنی جان تجھے
وَوَجَّھْتُ وَجْھِیْ اِلَیْکَ	اور کر دیا میں نے اپنا رُخ تیری طرف
وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ	اور سپرد کر دیا میں نے اپنا معاملہ تیرے
وَاَلْجَاْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْکَ	اور لگا دیا میں نے اپنی پیٹھ کو تیری طرف
رَغْبَةً وَّرَھْبَةً اِلَیْکَ	رغبت کرتے ہوئے اور ڈرتے ہوئے
لَا مَلْجَاَ	کوئی جائے پناہ نہیں
وَلَا مَنْجَا مِنْکَ	اور کوئی جائے نجات نہیں تیری گرفت سے
اِلَّآ اِلَیْکَ	مگر تیرے دامنِ رحمت میں
اٰمَنْتُ بِکِتَابِکَ	ایمان لایا میں تیری اُس کتاب پہ
الَّذِیْٓ اَنْزَلْتَ	جس کو تُو نے نازل کیا
وَنَبِیِّکَ الَّذِیْٓ اَرْسَلْتَ ۝	اور تیرے اُس نبی پر جسے تُو نے بھیجا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم جب اپنے بستر پر جاتے تو داہنی کروٹ پر لیٹتے اور پڑھتے:

اللّٰھم انی اسلمت ..... الخ

اور فرمایا جناب رسول اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم نے کہ جس شخص نے یہ کلمات کہے اور وہ اُسی رات مرگیا تو اُس کی موت فطرت (دینِ اسلام) پر واقع ہوئی۔ (بخاری، مسلم - دارمی / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۸۱ / ۹۸۰)

۱۱۲۳۱

اہلِ محبّت نے محبّان کی محبّت کو کبھی افشا نہ کیا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۲۳۲

جس نے اِس کلام کو زِندہ کیا،
زِندہ رہا۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذُوالفضل العظیم

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ اَخْشَاکَ حَتّٰی کَاَنِّیْ اَرٰاکَ

اے اللہ! کردے مجھے کہ ڈروں تجھ سے گویا میں دیکھتا ہوں تجھے

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۲۴)

۱۱۲۳۳

جب تک تُو کِسی کا دِل نہیں بدلتا، اے ہر دِل کو بدلنے والے، کِسی کی بھی کوئی شے نہیں بدلتی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذُوالفضل العظیم

۱۱۲۳۴

بندہ اللہ کی امانت ہے۔

بندہ ہی اللہ کی امانت ہوتا ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۳۵

خدمت کا پلّہ بھاری ! یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۳۶

OBEDIENT IS THE MOST PROMINENT FIGURE OF MANKIND.

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۳۷

تابعداری ——— شاذ

ناپید بھی کہیں تو حق ہے

کوئی کسی کا تابعدار نہیں

اگرچہ ہر کوئی دعویدار ہے

اِلّا مَاشَآءَ اللّٰہ وَ بِاِذْنِ اللّٰہ

جس کا نفس تابعدار ہو جاتا ہے،

اصل تابعدار ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم

فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ

وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اٰمین

امروز سعید و مسعود و مبارک سہ شنبہ ۱۵ شوال المکرم ۱۴۱۱ھ

ابوانیس محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

المہاجر الی اللہ والمتوکل علی اللہ العظیم،

المستفیض دارالاحسان چک ۲۴۲ ر ب (دسوہہ) سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پاکستان

فون نمبر: ۴۶۶۰۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حیُّ یا قیومُ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبَعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ

وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

یا حیُّ یا قیومُ

مکشوفاتِ

منازلِ احسانؒ

المعروف بہ

مقالاتِ حکمت

دارُالاحسان

ابو انیس محمد برکت علی لودھیانوی

المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین ○ دارُالاحسان فیصل آباد پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللھم صل وسلم وبارک علیہ وعلیہ وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ وامتہ عدد کل معلوم لک وبعدد کل مفہوم لک وزنۃ نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک سبحان اللہ رب العرش العظیم

الحی القیوم وانوب الیہ یا حی یا قیوم

قُلْ

عِشْقُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

مَذْہَبِیْ وَحُبُّہٗ مِلَّتِیْ

وَطَاعَتُہٗ مَنْزِلِیْ !

(یہ کہہ) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق میرا

مذہب، محبت میری ملّت اور اتّباع میری منزل ہے

ابوانیس محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

امین امین امین یا رب العلمین ط